23/09/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اخترسے خبریں سُنئے

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں71ویں نیشنل فلم ایوارڈس تقریب کے دوران ایوارڈ عطا کریں گی۔ ہندی فلم12th فیل کو بہترین فیچر فلم ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے۔ شاہ رُخ خان کو جوان اور12th فیل فلموں میں بہترین ادا کاری کو بالترتیب جوان اور12 Massey جبکہ وِکرانت کےلئے Best Actor-ایوارڈ دیا جا رہا ہے

جی ایس ٹی

Next Gen GST اصلاحات لاگوہو گئے ہیں-ان اصلاحات کی بدولت ملک بھر میں کل سے ملک میں ٹیکس نظام معقول اور آسان بن گیا ہے-

کیمیائی کھادوں پر.... * GST کو 18 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کر دیاگیا ہے-

قابل تجدید توانائی پر کام آنے والی مصنوعات اور اُن کے پُر زہ جات کا .... * GST بھی 12 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کردیا ہے-

سیوا پرو

جمونو کشمیر بھر میں سیوا پرو کے تحت اختراعی سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ سیوا پرو کے تحت مختلف اضلاع میں بیداری کیمپ اور دیگر پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں-

بڈگام سیوا

سیوا پرو کے تحت بڈگام سے مختلف بلاکوں میں صفائی ستھرائی مہموں کا انعقاد کیا گیا اور ثقافتی بیداری اور دیر پا رہن سہن سے متعلق کئی پروگرام منعقد کئے گئے۔

گاندربل میں اس مہم کے دوران کل مختلف بلاکوں ، زونوں اور اداروں میں سرکاری سکیموں سے متعلق بیداری کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران پوشن ماہ کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا۔

کپواڑہ

کپواڑہ کے ڈپٹی کمشنر سری کانت بالا صاحب سوسے نے کل لولاب کا دورہ کر کے وہاں بائی پاس پر تارکول بچھانے کا کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کام کے معیار کے ©ساتھ سمجھوتہ نہ کر تے ہوئے می————————————————————————
کڈمائزیشن کے کام کو جلد از جلد مکمل کریں۔©

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل لل دید اسپتال کا دورہ کر کے وہاں اضافی بلاک پر ہو رہے کام کا جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے اس موقعے پر عمل آوری ایجنسی کو ہدایت دی کہ اس اسپتال کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے تعمیراتی کام کو جلد از جلد مکمل کیا جانا چاہئے تاکہ مریضوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

آیور ویدا

ملک میں آج آیورویدھا دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن آیور وید ھا کو ملکی اور بین الاقوا می سطح پر عام کرنے اور لوگوں میں اس کی افادیت کے بارے میں جامع بیدا ری پیدا کی جاتی ہے ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے ”Ayurveda for People and Planet “ ۔

کمیٹی

قانون ساز اسمبلی کی پبلک اکاونٹس کمیٹی کی ایک میٹنگ سرینگر میں اسکے چیرمین شام لال شرما کی صدارت میں منعقد ہوئی جس دوران محکمہ تعلیم کے آڈٹ پیراز کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔

ٹریفک سرینگر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر شہر میں ٹریفک کی بلا خلل آواجائی کو یقینی بنانے کےلئے ڈپٹی کمشنر سرینگر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایات دیں ہیں۔ کل ایک میٹنگ کے دوران انہوننے متعلق محکموں پر زور دیا ہے کہ وہ ٹریفک کی گنجانیت کے مسئلے پر قابو پانے میں حائل رُکاوٹوں کی نشاندہی کرنے کےلئے ایک سروے عمل میں لائیں۔ انہوننے کہاکہ ایک معیاد بند مدت میں تجاویز پر مبنی رپورٹ تیار کی جانی چاہئے۔

انتقال

جنوبی کشمیر کے ترال علاقے سے تعلق رکھنے والے حیدر آباد میں مقیم ایک معروف صحافی خورشید وانی کی دختر آج صبح حیدر آباد میں ایک دلدوز سڑک حادثے میں جان بحق ہوئی ہیں۔ آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر اور دیگر عملے نے غمزدہ کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کر تے ہوئے مرحومہ کی جنت نشینی کےلئے دعا کی ہے۔

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کل پشو پالن اور فشریز کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کے ساتھ ورچول طریقے پر ایک میٹنگ منعقد کی۔ اس دوران جمونو کشمیر سمیت دیگر یوٹیز اور ریاستوں میں ڈیری سیکٹر اور پشو پالن کے شعبے کو فروغ دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بانڈی پورہMLA

بانڈی پورہ میں مشن یوا کے تحت ایک ITI بانڈی پورہ نظام الدین بٹ کی صدارت میں کلMLA بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران طلباءکو مختلف فلاحی سکیموں اور مشن کے ڈیجیٹل موصوف نے طلباءپر زور دیا کہ وہ سرکار کی سکیموں MLA اقدامات سے روشنا س کرایا گیا۔ سے استفادہ کر کے اپنے روزگار کے وسائل پیدا کریں۔

Skims

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے پروفیسر محمد اشرف گنائی نے کل انسٹی چیوٹ میں طبی نگہداشت سے جڑے مختلف میڈکو لیگل پہلوؤں سے متعلق ایک قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ انہوننے فیکلٹی، پیرا میڈکس ، نرسوں اور معاون عملے پر زور دیا کہ وہ مریضوں کے ساتھ ہمدردی اور خنداہ پیشانی کے ساتھ پیش آئیں۔

ہیڈی کرافٹ

ڈائریکٹوریٹ آف ہینڈ ی کرافٹ اینڈ ہینڈ لوم کی طرف سے کل ایگزبشن گراؤنڈ سرینگر میں برانڈنگ اینڈ پیکیجنگ سے متعلق ایک روزہ صلاحیت سازی پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ محکمے

کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام نے اس موقعے پر دستکاری اشیاءکی بہتر مارکیٹنگ کےلئے برانڈنگ اور اعلیٰ معیار کی پیکیجنگ کی اہمیت کو اُجاگرکیا۔

لیگل سروسز

جمونو کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی اور ڈسڑکٹ لیگل سروسزاتھارٹی بانڈی پورہ نے بھارتی فوج کے تحت NALSAکے اشتراک سے گورنمنٹ بائز ہائر سکنڈری سکول داور گریز میں Unicef اور چائلڈ پروٹکشن سے متعلق ایک روزہ صلاحیت سازی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج اور جموں وکشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکٹیو چیرمین جسٹس سنجیو کمار نے اس موقعے پر صدارتی خطبہ پیش کیا اور بچوں کی بہبود اور تحفظ کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل زیون کا دورہ کیا اور وہاں کشمیری مائیگرنٹ ملازمین کےلئے ٹرنزٹ رہائش تعمیر کئے جانے کے مقامات کا معائنہ کیا۔ انہیں جانکاری دی گئی کہ زیون میں اب تک624 فلیٹ تعمیر کئے گئے ہیں اور 312فلیٹ تکمیل کے مختلف مراحل سے گذر رہے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....

....